# پراسپیکٹس

2023-24

## گورنمنٹ گریجوایٹ کالج

ملتان روڈ، بورے والا 067-9200071

www.ggcb.edu.pk

# رَبِّ زِدْنِی عِلْمًا

اے اللہ میرے علم میں اضافہ فرما!

# حسن ترتیب



| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | رَبِّ زِدْنِی عِلْمًا | 1 |
| 2 | حسن ترتیب | 2 |
| 3 | داخلہ کا طریقہ کار / قواعد وضوابط | 3 |
| 4 | انتخاب مضامین انٹرمیڈیٹ | 4 |
| 5 | فیس، فنڈ اور زرِ ضمانت | 5 |
| 6 | سٹوڈنٹ گائیڈ (تکمیل داخلہ فارم) | 6 |
| 7 | کالج سے اخراج | 7 |
| 8 | کالج یونیفارم | 8 |
| 9 | فیس اور دیگر واجبات | 11 |
| 10 | وظائف و دیگر مراعات | 12 |
| 11 | عملہ کالج دفتر | 13 |
| 12 | بی ایس (چار سالہ پروگرامز) | 15 |
| 13 | نیو ہاسٹل | 23 |
| 14 | | |
| 15 | | |



نوٹ: یہ پراسپیکٹس گورنمنٹ کالج بورے والا کی آئینی دستاویز ہے۔ جس میں بیان کردہ قواعد وضوابط کی پابندی ہر طالب علم پر فرض ہے اس کی تحریر میں درجہ ذیل حوالہ جات سے استفادہ کیا گیا ہے۔

1- محکمہ جاتی سرکلرز 2- کالج آفس ریکارڈ 3- یونیورسٹی/بورڈ کیلنڈرز 4- پنجاب ایجوکیشن بورڈ 5- ہدایات محکمہ ہائر ایجوکیشن

# داخلہ کا طریقہ کار / قواعد وضوابط

1- انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ملتان بورڈ اور گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے قواعد کے مطابق فرسٹ ایئر اور BS پروگرام میں داخلہ میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے امتحان کے نتائج کے بعد یا بورڈ/ یونیورسٹی کی مقرر کردہ تاریخوں میں میرٹ کی بنیاد پر ہوگا۔

2- اُمیدواران داخلہ کو چاہیے کہ مجوزہ فارموں پر درخواستیں معہ اسناد مقرر کردہ تاریخوں پر خود آ کر دفتر کالج ہذا میں جمع کرائیں۔

3- مقررہ تاریخ کے بعد کوئی درخواست قبول نہیں کی جائے گی۔

4- **میٹرک میں تھرڈ ڈویژن لینے والے طلباء ایف۔ ایس۔ سی میں داخلہ کیلئے درخواستیں دینے کے اہل نہ ہوں گے۔**

5- جب تک کوئی اُمیدوار اپنی فیس پنجاب بنک وہاڑی بازار بورے والہ میں جمع نہیں کرائے گا۔ اپنے آپ کو داخل شدہ طالب علم تصور نہیں کر سکتا۔

6- مندرجہ ذیل طلباء کالج ہذا میں داخلہ لینے کے مجاز نہ ہوں گے۔

(i) انٹر (آرٹس یا سائنس) میں بورڈ کے امتحان میں فیل ہو جائیں یا میٹرک پاس کرنے کے دو سال کے اندر اندر داخلہ لینے میں ناکام رہے ہوں۔

(ii) انٹرمیڈیٹ کے امتحان میں فیل ہو چکے ہوں۔

(iii) جن کا چال چلن غیر تسلی بخش ہو۔

(iv) جو تعلیمی اعتبار سے تعطل کا شکار ہوں اور کالج میں داخلہ نہ لیا ہو۔

7- پرنسپل صاحب کو اختیار حاصل ہے کہ وہ ایسے طلباء کو وجہ بتائے بغیر داخلہ دینے سے انکار کر دیں۔

(i) جو شر پسند ہوں، تعلیمی ماحول کو پراگندہ کرتے ہوں یا تخریبی کارروائیوں میں حصہ لیتے ہوں۔

(ii) جن کی عمر سال اوّل میں داخلہ لیتے وقت 18 سال BS پروگرام کیلئے 22 سال سے زائد ہو۔

# انتخاب مضامین
## انٹرمیڈیٹ

**لازمی مضامین:** اُردو، انگریزی، اسلامک ایجوکیشن، مطالعہ پاکستان

**اختیاری مضامین:**

### i۔ پری میڈیکل گروپ
(فزکس، کیمسٹری، بیالوجی)

### ii- پری انجینئرنگ گروپ
(فزکس، کیمسٹری، ریاضی)

### iii- آئی سی ایس (ICS)/ جنرل سائنس گروپ
درج ذیل گروپس میں سے کسی ایک گروپ کا انتخاب کریں

GS1 ریاضی ۔ کمپیوٹر سائنس ۔ فزکس

GS2 ریاضی ۔ کمپیوٹر سائنس ۔ اکنامکس

GS3 ریاضی ۔ شماریات(Stat) ۔ کمپیوٹر سائنس

GS4 ریاضی ۔ شماریات(Stat) ۔ اکنامکس

### iv- آرٹس گروپ
درج ذیل گروپس میں سے کسی ایک گروپ کا انتخاب کریں

| | | | |
|---|---|---|---|
| A1 | اکنامکس | جغرافیہ | شماریات(Stat) |
| A2 | اکنامکس | جغرافیہ | کمپیوٹر سائنس |
| A3 | اکنامکس | جغرافیہ | فزیکل ایجوکیشن |
| A4 | اکنامکس | جغرافیہ | ایجوکیشن |
| A5 | اکنامکس | شماریات(Stat) | کمپیوٹر سائنس |
| A6 | عربی | اسلامیات | فزیکل ایجوکیشن |
| A7 | لائبریری سائنس | جغرافیہ | فزیکل ایجوکیشن |
| A8 | ایجوکیشن | ہسٹری | فزیکل ایجوکیشن |

# فیس، فنڈز اور زرِ ہائے ضمانت

1- جو طلباء سال اوّل میں داخلہ لینے کے خواہاں ہوں اُن سے پورے 12 مہینوں کی فیس اور واجبات 28 اگست تک وصول کیے جائیں گے۔

تمام زرِ ہائے ضمانت کالج/ہوسٹل میں داخلہ لیتے وقت جمع کروانا ضروری ہیں۔ جو کالج/ہوسٹل چھوڑتے وقت حسابات بے باق کرنے کے بعد واپس ادا ہوں گے۔

اگر یہ رقوم کالج چھوڑنے کے چھ ماہ بعد تک وصول نہیں کی جائیں گی تو ضبط بحق درسگاہ ہوں گی۔

2- فیس اور دیگر واجبات پرنسپل صاحب کی طرف سے مقرر کردہ تاریخوں پر جمع کرانا ضروری ہیں اگر تاریخ مقررہ پر فیس اور واجبات ادا نہیں کیے جائیں گے تو 10 روپے روزانہ کے حساب سے جرمانہ عائد ہوگا۔ البتہ ایک ماہ کی مدت کے بعد بوجہ عدم ادائیگی واجبات نام خارج ہو جائے گا۔

3- سیکورٹی واپس لیتے وقت بس کارڈ اور کالج کارڈ واپس کرنا لازمی ہوگا، بصورتِ دیگر سیکورٹی ضبط ہو جائے گی۔

4- اداشدہ فیس اور واجبات واپس نہ ہوں گے۔

5- سائنس کے طلبہ قیمتی سامان کی شکست و ریخت پر ادائیگی کے ذمہ دار ہوں گے۔

6- کالج چھوڑتے وقت طالب علم پرنسپل صاحب کی اجازت سے واجبات کی ادائیگی کے بعد کالج چھوڑ سکیں گے۔

7- اگر کوئی طالب علم بوجہ عدم ادائیگی یا کسی اور وجہ سے کالج ہذا سے خارج ہو جائے گا تو وہ دوبارہ داخلہ کیلئے پچاس روپے بطور فیس داخلہ اور 100 روپے بطور جرمانہ جمع کروائے گا۔

## سٹوڈنٹ گائیڈ

# ہدایات برائے تکمیل داخلہ فارم

داخلہ فارم درج ذیل ہدایات کی روشنی میں پر کیجیے۔ یاد رہے غلط بیانی سے داخلہ فارم مسترد کر دیا جائے گا۔

1- داخلہ فارم میں اپنا اور والد کا نام سابقہ رزلٹ کارڈز، ڈگری یا شناختی کارڈ اور ب فارم کے مطابق درج کیجیے۔

2- داخلہ فارم پر مجوزہ جگہ پر 1 عدد پاسپورٹ سائز تصویر چسپاں کیجیے اور 2 عدد تصاویر لفافہ میں ڈال کر فارم کے ساتھ منسلک کیجیے۔ چسپاں کی گئی تصویر کے سامنے والے حصے جب کہ دیگر تصاویر کی پشت پر اپنا نام اور ولدیت تحریر کیجیے۔

3- شناختی کارڈ کی کاپی منسلک کیجیے جن طلبہ کا شناختی کارڈ نہ بنا ہو وہ اپنا ب فارم اور والد کا شناختی کارڈ منسلک کریں۔

4- داخلہ فارم پر مطلوبہ جگہ اور داخلہ فارم کی پشت پر بیان حلفی کے آخر میں اپنے دستخط لازمی کیجیے۔

5- کسی دوسرے بورڈ سے میٹرک / انٹر کرنے کی صورت میں متعلقہ بورڈ کا مائیگریشن / عدم اعتراض سرٹیفکیٹ منسلک کیجیے۔

6- داخلہ فارم کے ساتھ تمام دستاویزات تصدیق شدہ منسلک کیجیے۔

7- مطلوبہ دستاویزات

A- میٹرک / انٹرمیڈیٹ رزلٹ کارڈ 3 عدد کاپی B- کریکٹر 3 عدد کاپی C- پاسپورٹ سائز تصاویر 3 عدد D- شناختی کارڈ یا ب فارم 3 عدد کاپی

E- ہیلتھ پرفارما F- ڈومیسائل، BS انٹر Affidavit

**نوٹ** 18 سال یا زائد عمر کے طلباء کا داخلہ صرف شناختی کارڈ کی بنیاد پر ہوگا۔

# کالج سے اخراج

1- جو طالب علم کالج یا ہوسٹل سے اپنا نام خارج کروانا چاہتا ہے اُسے چاہیے کہ اس مقصد کیلئے تحریری درخواست پیش کرے۔ ایسی درخواستوں کے ہمراہ والد یا سرپرست کی طرف سے تحریری سفارش منسلک ہونا ضروری ہے۔

2- جب تک کسی طالب علم کا نام باقاعدہ طور پر کالج سے خارج نہ ہو جائے وہ قواعد کے مطابق تمام واجبات ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

3- اگر کسی طالب علم کے واجبات ایک ماہ تک واجب الادا رہیں گے تو اس کا نام کالج سے خود بخود خارج تصور ہوگا۔

4- اگر کسی طالب علم نے کالج کے نظم و ضبط کی خلاف ورزی، کالج فرنیچر یا املاک کو نقصان، نوٹس بورڈ پر ریمارکس لکھنا، نوٹس پھاڑنا، کالج کی دیواروں پر لکھنا یا پوسٹر لگانا، اساتذہ سے کلاس یا کلاس سے باہر گستاخی یا قابل مزمت رویہ، کالج حدود میں لڑائی جھگڑا، پیریڈ میں حاضر رہنے کے بجائے کالج حدود میں آوارہ گھومنا، طلبا کو امتحان یا کلاسوں کے بائیکاٹ پر اُکسایا، ہنگامہ کیا یا اسلحہ ساتھ لیا یا سیاسی سرگرمیوں میں حصہ لیا تو اس کا داخلہ فی الفور منسوخ کر کے کالج سے خارج کر دیا جائے گا۔

5- کسی بھی مضمون میں مسلسل چھ روز تک یا ایک ماہ میں مجموعی طور پر دس غیر حاضریاں کرنے والے کا نام کالج سے خارج کر دیا جائے گا۔

# کالج میں دوبارہ داخلہ کے قواعد

طالب علم کو ری ایڈمیشن کیلئے مندرجہ ذیل شرائط پوری کرنا ہوں گی۔

i- دوبارہ داخلہ کی سہولت صرف ایک بار دی جاسکتی ہے۔

ii- متعلقہ استاد ری ایڈمیشن کی تحریری سفارش کریں۔ اور داخلہ متعلقہ کلاس کی ری ایڈمیشن کمیٹی کرے گی۔

iii- طالب علم کے والد/سرپرست اخراج کے پندرہ یوم کے اندر دوبارہ داخلہ کیلئے تحریری طور پر رجوع کریں۔ پندرہ دن کے بعد داخلہ کی اجازت نہ ہوگی۔

iv- پرنسپل کی طرف سے اجازت حاصل کرنے کے بعد ری ایڈمیشن فیس مبلغ -/50 روپے اور جرمانہ جو متعلقہ ری ایڈمیشن کمیٹی تجویز کرے گی ادا کرنے کے بعد داخلہ ہو سکے گا

# کالج یونیفارم

1- طلباء کی یونیفارم: 1 - سفید شرٹ اور گرے پتلون، بلیک ڈریس شوز، کالج کی منظور کردہ نیک ٹائی 2 - سردیوں میں قرمزی/عنابی رنگ کی جرسی یا بلیزر پہننا ہوگا۔

2- عبائیہ/گاؤن لازمی ہے۔

طالبات کی یونیفارم (بی ایس) سفید قمیض، سفید شلوار، بلیک ڈریس شوز جب کہ سکارف کلر درج ذیل ہوں گے۔

اردو : سبز **Green** ، انگریزی : گلابی **Pink** ، ریاضی : سرخ **Red** ، اسلامیات : سلیٹی **Gray** ، اکنامکس : ہلکا نیلا **Cyan**

فزکس : گہرا کیمل **Dark Camel** ، کیمسٹری : بنفشی **Purple/Voilet** ، آئی ٹی : گہرا نیلا **Blue** ، سپورٹس سائنس لائٹ اورنج **Light Orange**

3- ہر طالب علم کیلئے ضروری ہے کہ وہ کالج کی مقرر کردہ یونیفارم پہن کر آئے۔ دوسرے کسی لباس کے پہننے کی اجازت نہیں۔

4- کسی طالب علم کو یونیفارم کے بغیر کلاسز میں بیٹھنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

5- کالج میں مفلر، گرم چادر، ہوائی چپل، جوگر، ہائی ہیل اور سلیپر پہننا منع ہے۔

6- کالج ٹیسٹ کے دوران بھی یونیفارم پہننا لازمی ہوگی۔ بصورتِ دیگر خصوصی جرمانہ کیا جائے گا۔

7- کالج ٹائمنگ کے دوران کالج کارڈ پاس رکھنا لازمی ہے۔ **نوٹ** یونیفارم کا کوئی ایک حصہ نہ ہونا بھی بغیر یونیفارم تصور ہوگا۔

# کالج کارڈ

ہر طالب علم کیلئے ضروری ہے کہ اس کے پاس کالج کارڈ ہو۔ فیس کی ادائیگی کے وقت کالج کارڈ پیش کرنا لازمی ہے۔ کالج کارڈ کی چیکنگ کسی بھی وقت کی جاسکتی ہے۔ اس کی عدم موجودگی میں طالب علم کو کالج یا کلاس روم سے وقتی طور پر نکالا جاسکتا ہے۔ کالج کارڈ داخلہ کے بعد دفتر سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔ ڈپلیکیٹ کالج کارڈ بنوانے کی صورت میں ایک صد روپے جمع کروانا ہونگے۔ رول نمبر سلپ لیتے وقت/کالج چھوڑتے وقت کالج کارڈ واپس کرنا لازمی ہوگا۔ بصورت دیگر **100** روپے جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔ لائبریری سیکورٹی حاصل کرنے کیلئے بس کارڈ جمع کرانا ضروری ہے۔ بصورت دیگر سیکورٹی بحق سرکار ضبط ہو جائے گی۔

# رُخصت لینے کے قواعد وضوابط

1- رُخصت صرف اشد ضروری مواقع پر دی جاتی ہے۔ تین دن تک رُخصت طلباء کے ٹیوٹر دے سکتے ہیں۔ تین دن سے زیادہ کیلئے رُخصت کی درخواست والد یا سرپرست اور ٹیوٹر کی سفارشات کے ساتھ پرنسپل کی خدمت میں پیش کی جانی چاہیے۔ بیماری کی رُخصت کیلئے ڈاکٹری سرٹیفکیٹ ساتھ ہونا ضروری ہے۔

2- ہوسٹل میں رہنے والے طلباء کیلئے رُخصت وارڈن یا سپرنٹنڈنٹ کی سفارش پر دی جاسکتی ہے۔

3- کھیلوں کی رُخصت کیلئے درخواست پر صدر شعبہ فزیکل ایجوکیشن کی سفارش لازم ہے۔ 4- رُخصت کی اجازت ہمیشہ قبل از وقت حاصل کرنا ضروری ہے۔

## جرمانہ

1- جرمانہ (الف) 5 روپے ایک پیریڈ سے غیر حاضر ہونے پر۔(ب) 10 روپے سارا دن غیر حاضر ہونے پر۔ (ج) پانچ روپے پریکٹیکل اور ٹیوٹوریل پیریڈ سے غیر حاضر ہونے پر ہو گا۔

2- امتحانات اور ٹیسٹ وغیرہ کے موقع پر غیر حاضر رہنے پر 100 روپے فی پرچہ جرمانہ وصول کیا جائے گا۔تمام پرچوں میں غیر حاضر ہونے پر مبلغ 500 روپے جرمانہ کیا جائے گا جو کہ کالج کونسل سے منظور شدہ ہے۔

3- کالج کے قوانین کی خلاف ورزی پر خاص جرمانے کی سزا بھی دی جا سکتی ہے۔

4- ہوسٹل اور لائبریری کے قوانین کی خلاف ورزی پر بھی جرمانے کی سزا دی جا سکتی ہے۔

5- غیر حاضری کا جرمانہ کسی بھی صورت میں معاف نہیں کیا جا سکتا۔البتہ خاص جرمانے پر ڈسپلن کمیٹی غور کر سکتی ہے۔

6- کوئی بھی طالب علم کالج میں موبائل ON نہیں کر سکے گا موبائل ضبط ہونے کی صورت میں صرف والدین کے آنے پر طالب علم کے تحریری معافی نامہ پر واپس کیا جائے گا۔

7- ڈسپلن کی خلاف ورزی پر سپیشل جرمانہ کیا جاتا ہے موبائل کا جرمانہ 1000 روپے ہو گا جو کہ کالج کونسل سے منظور شدہ ہے۔

## امتحانی قواعد وضوابط (مقامی)

شعبہ امتحانات کے زیر نگرانی سال میں دو امتحانات منعقد کیے جاتے ہیں۔جنہیں سینڈاپ ٹیسٹ اور بی ایس کلاسز کے مڈٹرم امتحان کہا جاتا ہے ہر طالب علم کا ان امتحانات میں شریک ہونا لازم ہے۔طالب علم کا اپنے متعلقہ مضامین میں اوسطاً کم از کم 33% نمبر اور 75% حاضری لازمی ہے۔بصورت دیگر بورڈ، یونیورسٹی کا داخلہ فارم نہیں بھیجا جائے گا۔کالج کے انٹرنل گریڈ اور میرٹ ان امتحانات کے نتائج کی روشنی میں تیار کیے جاتے ہیں اور اُن کی درجہ بندی (اے۔بی۔سی۔ڈی۔ای) کا اندراج بورڈ کی سند پر بھی ہو گا۔

2- مقامی امتحانات میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء کو انعامات دیئے جاتے ہیں۔

3- BS پروگرام پر یونیورسٹی کے قوانین لاگو ہوں گے۔

4- کسی بھی پرچے میں غیر حاضر طالب علم اس پرچے میں فیل تصور ہو گا۔

5- بیماری کی درخواست میڈیکل سرٹیفکیٹ سے مشروط ہو گی۔

6- فیل شدہ/ غیر حاضر طلباء کو فی پرچہ کے حساب سے خصوصی جرمانہ کیا جا سکتا ہے۔

7- روزانہ کی بنیاد پر حاضری کی رپورٹ دفتر میں جمع کروائی جائے گی اور ہفتے کے آخر میں غیر حاضر طلباء کے گھر فون کال کی جائے گی۔

8- دسمبر ٹیسٹ میں فیل طلباء کا داخلہ نہیں جائے گا۔

## امتحانی قواعد وضوابط (بورڈ۔یونیورسٹی)

بالعموم ماہ جنوری یا فروری میں بورڈ اور یونیورسٹی کے داخلہ فارم پُر کر کے بھیج دیئے جاتے ہیں وہ قطعی عارضی اور مشروط ہوتے ہیں اور واپس منگوائے جا سکتے ہیں۔وہ داخلہ فارم درج ذیل شرائط سے مشروط ہوں گے۔

# داخلہ ٹیسٹ

## ماہ دسمبر یا جنوری میں سال اوّل اور دوم کا داخلہ ٹیسٹ ہوگا جسے عام طور پر سینڈاپ ٹیسٹ کہتے ہیں۔

i- جو طالب علم اس داخلہ ٹیسٹ میں پاس ہوں گے صرف وہ سالانہ امتحان دینے کے اہل ہوں گے۔

ii- جو طالب علم اس داخلہ ٹیسٹ میں فیل ہو جائیں گے۔ وہ سالانہ امتحان دینے کے اہل نہیں ہونگے۔

## لائبریری ودارالمطالعہ کے قواعد وضوابط

کالج کی لائبریری میں مختلف مضامین پر **40,000** سے زائد کتابیں موجود ہیں۔ کتابیں زیادہ تر وہ ہیں جو اساتذہ کے مطالعہ میں آ سکتی ہیں۔ دارالمطالعہ کے لئے تمام اخبارات ورسائل جو مقامی کتب فروش مہیا کر سکتے ہیں موجود ہوتے ہیں۔ لائبریری کالج کے اوقات میں کھلی رہتی ہے۔

1- کتابیں موسم سرما میں نو بجے سے بارہ بجے تک اور موسم گرما میں آٹھ بجے سے گیارہ بجے تک حاصل کی جاسکتی ہیں۔

2- صرف طلباء اور کالج کا عملہ کتابیں حاصل کرنے کا مجاز ہے۔ 3- کسی غیر ممبر کو لائبریری میں داخل ہونے کی اجازت نہیں ہے۔

4- طالب علم صرف ایک کتاب لے سکتے ہیں اور ایک ہفتے تک اپنے پاس رکھ سکتے ہیں۔ 5- زیادہ دیر تک کتاب رکھنے والے کو ایک روپیہ فی یوم فی کتاب ادا کرنا پڑے گا۔

6- کتاب کی گمشدگی کی صورت میں کتاب کی دوگنی قیمت وصول کی جائے گی۔ 7- لائبریری سے لی گئی کتاب کسی دوسرے کو منتقل نہیں کی جاسکتی۔

8- ہر طالب علم کو داخلہ پر لائبریری کارڈ دیا جائے گا۔ جس پر کتابوں کے حصول اور واپسی کے وقت کا اندراج ہوتا رہے گا۔ کارڈ کی گمشدگی کی صورت میں **20** روپے جرمانہ ہوگا۔

9- کتاب کو کسی قسم کا نقصان پہنچے تو اس کا ذمہ دار کتاب لینے والا ہوگا۔

10- حوالہ جات کی کتابیں، نایاب کتب، قیمتی تصاویر والی کتب یا وہ کتابیں جو نصاب میں شامل ہیں وہ کتابیں جن کی قیمت **500** روپے سے زائد ہو لائبریری سے باہر لے جانے کی اجازت نہیں ہے۔

11- لائبریری کارڈ گم ہونے پر **50** روپے ادا کرنے سے نیا کارڈ حاصل کیا جاسکتا ہے لیکن اگر پہلے کارڈ پر کوئی شخص کتاب نکلوا کرلے جائے تو اسکی ذمہ داری اس طالب علم پر ہوگی جس کا کارڈ گم ہوا ہے۔

12- یہ کارڈ کسی دوسرے کے نام قطعی منتقل نہیں کیا جاسکتا۔ لائبریری کے اندر کسی قسم کا شور یا باہمی گفتگو وغیرہ کی قطعی ممانعت ہے۔ اخبارات ورسائل پر لکھنا تصویریں پھاڑنا یا اُنہیں خراب کرنا ممنوع ہے۔ ایسے طلباء کو جرمانہ کی سزا ہو سکتی ہے۔

# فیس و دیگر واجبات

## انٹر کلاسز

| نام فیس | سائنس | آرٹس |
|---|---|---|
| داخلہ فیس | -/65 روپے | -/80 روپے |
| ٹیوشن فیس | -/600 روپے سالانہ | -/600 روپے سالانہ |
| کمپیوٹر فیس | -/300 روپے سالانہ | -/300 روپے کمپیوٹر مضمون |
| بہبود فنڈ | -/50 روپے سالانہ | -/50 روپے سالانہ |
| میڈیکل فنڈ | -/50 روپے سالانہ | -/50 روپے سالانہ |
| ہلال احمر فنڈ | -/60 روپے سالانہ | -/60 روپے سالانہ |
| جنرل فنڈ | -/50 روپے سالانہ | -/50 روپے سالانہ |
| کالج میگزین فنڈ | -/120 روپے سالانہ | -/120 روپے سالانہ |
| لائبریری سیکورٹی | -/500 روپے قابلِ واپسی | -/500 روپے قابلِ واپسی |
| امتحانی فنڈ | -/180 روپے سالانہ | -/180 روپے سالانہ |
| پارکنگ فنڈ | -/100 روپے سالانہ | -/100 روپے سالانہ |
| ٹرانسپورٹ فنڈ | -/150 روپے سالانہ | -/150 روپے سالانہ |
| سپورٹس فنڈ | -/180 روپے سالانہ | -/180 روپے سالانہ |
| کالج کارڈ فنڈ | -/50 روپے سالانہ | -/50 روپے سالانہ |
| ایفیلیشن فنڈ | -/240 روپے سالانہ | -/240 روپے سالانہ |
| سائنس بریکیج فنڈ | -/60 روپے | -/60 روپے پریکٹیکل مضمون |

## فیس و دیگر واجبات

### BS چار سالہ پروگرام

| سائنس | آرٹس |
|---|---|
| -/225 روپے | -/175 روپے |
| -/360 روپے فی سمسٹر | -/360 روپے فی سمسٹر |
| -/50 روپے فی سمسٹر | -/50 روپے فی سمسٹر |
| -/30 روپے فی سمسٹر | -/30 روپے فی سمسٹر |
| -/30 روپے فی سمسٹر | -/30 روپے فی سمسٹر |
| -/50 روپے فی سمسٹر | -/50 روپے فی سمسٹر |
| -/60 روپے فی سمسٹر | -/60 روپے فی سمسٹر |
| -/300 روپے قابلِ واپسی | -/300 روپے قابلِ واپسی |
| -/200 روپے فی سمسٹر | -/200 روپے فی سمسٹر |
| -/50 روپے فی سمسٹر | -/50 روپے فی سمسٹر |
| -/70 روپے فی سمسٹر | -/70 روپے فی سمسٹر |
| -/90 روپے فی سمسٹر | -/90 روپے فی سمسٹر |
| -/50 روپے فی سمسٹر | -/50 روپے فی سمسٹر |
| -/100 روپے فی سمسٹر | -/100 روپے فی سمسٹر |
| -/120 روپے فی سمسٹر | -/120 روپے فی سمسٹر |

**نوٹ** بورڈ/ یونیورسٹی رجسٹریشن فیس بمطابق بورڈ/ یونیورسٹی شیڈول ہوگی۔ فیس شیڈول گورنمنٹ کی ہدایات کے مطابق تبدیل ہوسکتا ہے۔

## وظائف ودیگر مراعات

1- کالج کے طلباء ہر قسم کے سرکاری وغیر سرکاری وظائف بشرطیکہ وہ مستحق ہوں حاصل کر سکتے ہیں۔

2- طلباء کو استحقاق کی بناء پر نصف فیس کی رعایت دی جاسکتی ہے۔ بشرطیکہ ایسے طلباء کی تعداد طلباء کی مجموعی تعداد کے دس فیصد سے زیادہ نہ ہو۔ نادار طلباء کو کالج کے ہلال احمر فنڈ سے بھی متعدد وظائف دیئے جاسکتے ہیں۔ بشرطیکہ ضروری رقم موجود ہو اور طالب علم اس کا مستحق ہو یہ وظائف عام طور پر دو سال کیلئے دیئے جاتے ہیں۔ لیکن طالب علم کی پڑھائی میں غفلت اور ناپسندیدہ سرگرمیوں کی بنا پر ختم بھی کیے جاسکتے ہیں۔

3- کوئی طالب علم وظیفہ اور فیس کی رعایت بیک وقت حاصل نہیں کر سکتا۔

4- اگر کالج میں دو بھائی زیرِ تعلیم ہوں تو ان میں سے جونیئر کلاس والے کو نصف فیس کی رعایت مل سکتی ہے۔

5- گریڈ 15 تک کے سرکاری اداروں کے اساتذہ کے سب سے بڑے زیرِ تعلیم بیٹے کو پوری فیس اور باقی بیٹوں کو آدھی فیس کی رعایت دی جاتی ہے۔ اس مقصد کیلئے متعلقہ مجاز تعیناتی افسر کا تصدیق نامہ، شناختی کارڈ اور ب فارم کی مصدقہ نقل درخواست کے ہمراہ آنی چاہیے۔ یہ رعایت داخلہ کے وقت فیس ادا کرنے سے پہلے حاصل کریں۔

## انعامات اور گولڈ میڈل

1- کالج کی سالانہ تقسیم انعامات اور اسناد کی تقریب عموماً اپریل کے مہینے میں منعقد ہوتی ہے جس میں مستحق طلباء میں انعامات میڈل اور امتیازی اسناد اور دیگر اعزازات تقسیم کیے جاتے ہیں۔ یہ تمام انعامات طالب علم کے یونیورسٹی اور بورڈ کے امتحانات میں امتیاز کی بناء پر دیئے جاتے ہیں۔

2- مختلف انعامات کالج کے امتحانات میں اوّل اور دوم آنے والے کو دیئے جاتے ہیں۔

3- یونیورسٹی اور بورڈ میں اوّل آنے والے طلباء کو امتیازی اسناد دی جاتی ہیں۔

4- سالانہ کھیلوں کے مقابلے عموماً جنوری یا فروری میں منعقد ہوتے ہیں۔ امتیازی پوزیشن پانے والوں کو مختلف انعامات دیئے جاتے ہیں۔

5- سالانہ مباحثات اور مشاعرے میں امتیاز حاصل کرنے والوں کو مختلف انعامات دیئے جاتے ہیں۔

6- مختلف تقریبات میں حصہ لینے والے طلباء کو حسن کارکردگی کے انعامات دیئے جاتے ہیں۔

نوٹ:۔ تعلیمی انعامات صرف ان طلباء کو دیئے جاتے ہیں جو تمام مضامین میں پاس ہوں اور جن کا کردار تسلی بخش ہو۔

## عملہ کالج دفتر

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | جناب احمد نواز | ہیڈ کلرک | 11 | اسامی خالی ہے | کلرک |
| 2 | جناب ریاض احمد | سینئر کلرک | 12 | اسامی خالی ہے | کیئر ٹیکر |
| 3 | جناب حافظ مقصود احمد | سینئر کلرک | 13 | جناب محمد افضل شیراز | لیب سپر وائزر |
| 4 | جناب محمد ارسلان منہاس | سینئر کلرک / کمپیوٹر آپریٹر | 14 | اسامی خالی ہے | سینئر لیکچرار اسسٹنٹ |
| 5 | جناب غلام مصطفیٰ (G.M) | کلرک / کمپیوٹر آپریٹر | 15 | اسامی خالی ہے | لیکچرار اسسٹنٹ کیمسٹری |
| 6 | اسامی خالی ہے | لائبریری کلرک | 16 | اسامی خالی ہے | لیکچرار اسسٹنٹ بیالوجی |
| 7 | اسامی خالی ہے | لائبریری کلرک | 17 | اسامی خالی ہے | لیکچرار اسسٹنٹ کمپیوٹر |
| 8 | یاسر علی | کلرک | 18 | جناب خالد جاوید قادری | ڈسپنسر |
| 9 | محمد عثمان | کلرک | 19 | اسامی خالی ہے | الیکٹریشن |
| 10 | اسامی خالی ہے | کلرک | 20 | جناب محمد افتخار | بس ڈرائیور |

## عملہ درجہ چہارم

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | نسیم احمد | نائب قاصد | 11 | محمد عثمان | لیبارٹری اٹینڈنٹ | 21 | حافظ محمد عمران | چوکیدار |
| 2 | اسامی خالی ہے | نائب قاصد | 12 | محمد امین | بیلدار | 22 | اسامی خالی ہے | 3 عدد چوکیدار |
| 3 | احمد رضوان انور | نائب قاصد | 13 | غلام مرتضیٰ | بیلدار | 23 | شاہد پرویز | بس کنڈیکٹر |
| 4 | حافظ کاشف نذیر | نائب قاصد | 14 | اسامی خالی ہے | بیلدار | 24 | امجد علی | ٹیوب ویل ڈرائیور |
| 5 | احمد اقبال | نائب قاصد | 15 | اسامی خالی ہے | بیلدار | 25 | عمران خالد | ڈسپوزل ڈرائیور |
| 6 | اسامی خالی ہے | نائب قاصد | 16 | اسامی خالی ہے | بیلدار | 26 | اسامی خالی ہے | ہیڈ مالی |
| 7 | حافظ محمد عثمان | نائب قاصد | 17 | محمد رمضان | بیلدار | 27 | اسامی خالی ہے | گیس مین |
| 8 | اسامی خالی ہے | نائب قاصد | 18 | اسامی خالی ہے | بیلدار | 28 | عبدالرحمٰن | واٹر مین |
| 9 | اشرف علی | لیبارٹری اٹینڈنٹ | 19 | اسامی خالی ہے | بیلدار | 29 | رفاقت شہزاد | واٹر مین |
| 10 | محمد ماجد | لیبارٹری اٹینڈنٹ | 20 | اللہ دتہ | چوکیدار ہاسٹل | 30 | پطرس مسیح | خاکروب |
| | | | | | | 31 | اسامی خالی ہے | 2 عدد خاکروب 1 عدد سیوریج مین |

# اساتذہ کرام کی اضافی ذمہ داریاں

کالج کونسل :-

چیئرمین : پرنسپل :- جناب پروفیسر ڈاکٹر محمد اکرم

سیکرٹری : وائس پرنسپل : جناب پروفیسر مظفر محمد حسین

ممبرز : پروفیسر محمد اسحاق وسیر، پروفیسر عمران رفیق

رانا عمیر خالد، رانا طاہر کریم، نمائندہ کمشنر، نمائندہ ڈی سی، ایم. پی. اے (نمائندہ وزیر اعلیٰ پنجاب)

ایس. ڈی. او بلڈنگ (M&R)

والدین طلبہ : کاشف نذیر، محمد ارشاد

طلبہ : مریم کاشف (بی ایس انگلش) محمد سرمد (بی ایس اردو)

کالج پرچیز کمیٹی

چیئرمین : پرنسپل : جناب پروفیسر ڈاکٹر محمد اکرم

سیکرٹری وائس پرنسپل :

ممبرز متعلقہ ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ، سینئر ممبر متعلقہ شعبہ

برسر پروفیسر محمد اسحاق وسیر

انچارج ملازمین درجہ چہارم : جناب پروفیسر مظفر محمد حسین

# بی ایس (4 سالہ) پروگرام

| | |
|---|---|
| کوآرڈینیٹر بی ایس پروگرام: | پروفیسر محمد اسحاق وسیر |
| انچارج امتحانی نظام بی ایس: | پروفیسر ڈاکٹر محمد سعید احمد ساجد |
| سپیشل کوآرڈینیٹنگ کمیٹی برائے بی ایس: | پروفیسر محمد اسحاق وسیر، ڈاکٹر رانا محمد ندیم، پروفیسر غلام قادر حسن |
| ڈائریکٹرز سٹوڈنٹس افیئرز: | پروفیسر شاہد پرویز گجر، حافظ فاروق، مسز فوزیہ، مسز رابعہ رشید |

**Note: Every Member is fully empowered and fully responsible to have a close watch on the students all the time (during college hours).**

ڈسپلن کمیٹی (برائے بی ایس)

| | |
|---|---|
| چیئرمین: | جناب پروفیسر ڈاکٹر محمد اکرم |
| سیکرٹری: | پروفیسر مظفر محمد حسین |
| ممبرز: | پروفیسر محمد اسحاق وسیر، پروفیسر محمد صابر، پروفیسر غلام قادر حسن<br>پروفیسر فضل رحیم، پروفیسر محمد یٰسین، پروفیسر ڈاکٹر رانا محمد ندیم، پروفیسر حافظ محمد فاروق<br>پروفیسر شاہد پرویز گجر، پروفیسر اے جبار شاہد، پروفیسر مشتاق احمد گجر |

## جنرل ڈسپلن کمیٹی:۔

چیئرمین: پروفیسر ڈاکٹر محمد اکرم

سیکرٹری: پروفیسر مظفر محمد حسین

ممبرز: پروفیسر محمد اسحاق وسیر۔ پروفیسر محمد صابر۔ پروفیسر محمد یوسف مان۔ پروفیسر فضل رحیم
پروفیسر ڈاکٹر رانا محمد ندیم۔ پروفیسر شاہد پرویز عابد۔ پروفیسر خالد فاروق۔ پروفیسر غلام قادر حسن

## کالج مینجمنٹ / ویلفیئر کمیٹی:

چیئرمین: پرنسپل: جناب پروفیسر ڈاکٹر محمد اکرم

سیکرٹری: وائس پرنسپل: جناب پروفیسر مظفر محمد حسین

ممبرز: پروفیسر محمد اسحاق وسیر، پروفیسر مشتاق احمد، میاں خالد حسین، شیخ شہزاد مبین

پراجیکٹ ڈائریکٹرز: پروفیسر محمد اسحاق وسیر، پروفیسر محمد مظہر حسین گجر

## فیس معافی، وظائف کمیٹی:

چیئر مین: پرنسپل: جناب پروفیسر ڈاکٹر محمد اکرم

ممبرز: پروفیسر محمد اسحاق وسیر، پروفیسر محمد صابر، پروفیسر محمد یوسف مان، پروفیسر محمد اظہر شاہ
پروفیسر شاہد پرویز گجر، پروفیسر مشتاق احمد گجر، پروفیسر محمد مقصود عالم

## کالج کلینلینس کمیٹی:

چیئر مین: پروفیسر مظفر محمد حسین

معاونین: پروفیسر محمد مظہر حسین، پروفیسر حافظ فاروق

## ٹائم ٹیبل کمیٹی:۔

انچارج: پروفیسر محمد اسحاق وسیر

معاونین: پروفیسر محمد مظہر حسین ۔پروفیسر ڈاکٹر رانا محمد ندیم ۔پروفیسر محمد اظہر شاہ ۔پروفیسر مشتاق احمد

## انفارمیشن ٹیکنالوجی کمیٹی:۔

ممبران: پروفیسر ڈاکٹر رانا محمد ندیم ۔پروفیسر محمد اظہر شاہ ۔پروفیسر محمد عمران ۔میڈم فرح ممتاز ۔پروفیسر ریحان علوی
میڈم مائرہ ۔میڈم ماریہ

## ٹیوریل گروپس:

انچارج: پروفیسر ڈاکٹر محمد اکرم

ممبران: متعلقہ صدور تمام شعبہ جات

انچارج راؤنڈ: پروفیسر ڈاکٹر محمد اکرم

پراپرٹی انچارج: پروفیسر شاہد پرویز گجر، پروفیسر محمد فیاض کھچی

## داخلہ کمیٹی انٹرمیڈیٹ کلاسز

چیئرمین: پرنسپل: جناب پروفیسر ڈاکٹر محمد اکرم

انچارج (سائنس کمیٹی): پروفیسر محمد اسحاق وسیر

ممبرز: پروفیسر محمد صابر، ڈاکٹر ناصر محمود، پروفیسر غلام قادر حسن، پروفیسر محمد سمیع اللہ، پروفیسر محمد راشد

انچارج (آرٹس کمیٹی): وائس پرنسپل: پروفیسر مظفر محمد حسین

ممبرز: پروفیسر مظہر حسین گجر، پروفیسر شاہد پرویز گجر، پروفیسر حافظ محمد فاروق
پروفیسر جبار شاہد، پروفیسر محمد اظہر شاہ، پروفیسر مشتاق احمد گجر

انچارج (جنرل سائنس) پروفیسر محمد یٰسین

ممبرز: پروفیسر فضل رحیم، پروفیسر عبدالستار شیرازی، پروفیسر محمد زبیر ساجد

انچارج ری ایڈمیشن : پروفیسر محمد مظہر حسین

ممبرز: پروفیسر محمد اسحاق وسیر، پروفیسر محمد صابر، پروفیسر محمد اظہر شاہ، پروفیسر مشتاق احمد گجر

گریجوایٹ کونسل:

چیئرمین: پرنسپل: جناب پروفیسر ڈاکٹر محمد اکرم

سیکرٹری: وائس پرنسپل: جناب پروفیسر مظفر محمد حسین

ممبرز پروفیسر محمد اسحاق وسیر، پروفیسر ڈاکٹر رانا محمد ندیم

پروفیسر فضل رحیم، پروفیسر محمد یٰسین (ریاضی) پروفیسر حافظ محمد فاروق، پروفیسر غلام قادر حسن

آفیسرز برائے تصدیق فارم بورڈ/ یونیورسٹی: پروفیسر مظفر محمد حسین، پروفیسر محمد اسحاق وسیر، پروفیسر محمد مظہر حسین، پروفیسر فضل رحیم، پروفیسر محمد یوسف مان

پروفیسر حافظ محمد فاروق، پروفیسر ڈاکٹر رانا محمد ندیم، پروفیسر محمد صابر، پروفیسر شاہد پرویز گجر

پروفیسر جبار شاہد، پروفیسر زبیر حسین، پروفیسر مقصود عالم، پروفیسر مشتاق احمد گجر، پروفیسر محمد جمیل

پروفیسر عبدالجبار جاوید، پروفیسر ڈاکٹر سعید احمد ساجد، پروفیسر وحید جاوید، پروفیسر عبدالستار

پروفیسر مجاہد اقبال، پروفیسر فرح ممتاز

انچارج کالج آفس: پروفیسر محمد مظہر حسین، پروفیسر تنویر سجاد، پروفیسر محمد اظہر شاہ

آفس کوآرڈینیٹر: پروفیسر مقصود عالم

## شعبہ امتحانات:-

کنٹرولر: پروفیسر ڈاکٹر سعید احمد ساجد

ڈپٹی کنٹرولر: ADA/ADS/BS پروفیسر مقصود عالم

ڈپٹی کنٹرولر: F.A/F.Sc پروفیسر محسن عباس

معاونین: پروفیسر شاہد پرویز گجر، پرویز مشتاق احمد گجر، پروفیسر محمد راشد

انچارج ٹرانسپورٹ: پروفیسر ذیشان احمد

معاونین پروفیسر محمد اسحاق وسیر، پروفیسر محمد جمیل، پروفیسر زبیر حسین گجر، پروفیسر محمد مقصود عالم

سٹاف سیکرٹری: پروفیسر محمد یوسف مان

نگران اُمور طلباء: پروفیسر شاہد پرویز

معاونین پروفیسر محمد اسحاق وسیر، پروفیسر محمد صابر، پروفیسر محمد اظہر شاہ، پروفیسر مظہر حسین گجر
پروفیسر اے جبار شاہد، پروفیسر محمد مقصود عالم، پروفیسر مشتاق احمد گجر، پروفیسر محمد راشد

## ہاسٹل انتظامیہ:

وارڈن: پروفیسر محمد اسحاق وسیر

سپرنٹنڈنٹ: پروفیسر محمد زبیر حسین گجر

ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ: پروفیسر محمد سلمان

## کالج کارڈ/بس کارڈ کمیٹی:

انچارج: پروفیسر محمد اسحاق وسیر

ممبرز: پروفیسر ڈاکٹر رانا محمد ندیم، پروفیسر محمد صابر، پروفیسر امجد علی بٹ، پروفیسر مبارک علی، پروفیسر محسن عباس

ڈسپنسری انچارج پروفیسر غلام قادر حسن

## کالج پراسپیکٹس کمیٹی:-

چیئرمین: پروفیسر مظفر محمد حسین

ممبرز: پروفیسر محمد صابر، پروفیسر محمد یوسف مان، پروفیسر خالد فاروق، پروفیسر اے جبار شاہد
پروفیسر محمد اظہر شاہ، پروفیسر زبیر حسین گجر، پروفیسر ڈاکٹر حافظ حبیب الرحمٰن

## بزم اقبال:

چیئرمین: پروفیسر اے جبار شاہد گجر

ممبران: پروفیسر مجاہد سجاد، پروفیسر زبیر حسین گجر، پروفیسر ڈاکٹر حافظ حبیب الرحمٰن

## کالج میگزین "الفرید":

نگران و منتظم اعلیٰ: پروفیسر ڈاکٹر محمد اکرم

انچارج میگزین: (حصہ اُردو) پروفیسر اے جبار شاہد گجر

مدیر: پروفیسر حافظ حبیب الرحمٰن

معاون نگران: پروفیسر زبیر حسین گجر، پروفیسر محمد معاذ، پروفیسر قربان علی ناصر، پروفیسر اشفاق اسد

انچارج حصہ انگریزی: پروفیسر مظفر محمد حسین

معاون نگران: پروفیسر مجاہد سجاد، پروفیسر ڈاکٹر محمد دین، پروفیسر محمد اظہر شاہ، پروفیسر محمد عمران

## کالج نیوز گزٹ:

نگران و منتظم اعلیٰ: پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود

معاون نگران: پروفیسر اے جبار شاہد، پروفیسر محمد عمران

Reading and writing club
Prof. Dr. Muhammad DIn
Prof. Ashfaq Asad

میوزیکل/ڈرامہ کلب: پروفیسر محمد عمران، پروفیسر محمد یٰسین (انگلش) پروفیسر اے جبار شاہد، پروفیسر مقصود عالم

## سپورٹس پرچیز کمیٹی:۔

چیئرمین: پرنسپل: جناب پروفیسر ڈاکٹر محمد اکرم

سیکرٹری: وائس پرنسپل: جناب پروفیسر مظفر محمد حسین

ممبرز: پروفیسر شاہد پرویز گجر، پروفیسر خالد فاروق، پروفیسر محمد اظہر شاہ، پروفیسر مشتاق احمد گجر، پروفیسر وحید جاوید

## مسجد کمیٹی:۔

انچارج: پروفیسر محمد اسحاق وسیر

ممبرز: پروفیسر مشتاق احمد گجر

## انچارج شعبہ سپورٹس :۔

صدر: پرنسپل: جناب پروفیسر ڈاکٹر محمد اکرم

سیکرٹری سپورٹس پروفیسر شاہد پرویز گجر

| | | | |
|---|---|---|---|
| ہاکی: | پروفیسر محمد فیاض | باڈی بلڈنگ: | پروفیسر شاہد پرویز گجر |
| ویٹ لفٹنگ: | پروفیسر وحید جاوید | ریسلنگ | پروفیسر مشتاق احمد گجر |
| کرکٹ: | پروفیسر شاہد پرویز گجر | اتھلیٹکس | پروفیسر شاہد پرویز گجر / پروفیسر وحید جاوید |
| کبڈی: | پروفیسر شاہد پرویز گجر | رسہ کشی | پروفیسر مشتاق احمد گجر |
| بیڈمنٹن: | پروفیسر ابرار رشید | والی بال: | پروفیسر مشتاق احمد گجر |
| باسکٹ بال: | پروفیسر محمد فیاض | لان ٹینس: | پروفیسر ابرار رشید |
| سکاؤٹنگ: | پروفیسر شاہد پرویز گجر | ٹیبل ٹینس: | پروفیسر وحید جاوید |
| سائیکلنگ: | پروفیسر ابرار رشید | فٹ بال: | پروفیسر وحید جاوید |

# نیو ہوسٹل

1- کالج کا نیا ہوسٹل کالج کے قریب خوبصورت اور سرسبز پلاٹوں کے درمیان واقع ہے۔اس میں تقریباً 75 طلباء رہائش رکھ سکتے ہیں۔ ہوسٹل کا نظام وارڈن اور سپرنٹنڈنٹ کے سپرد ہے۔ ہوسٹل کے اندر ہر قسم کی سہولیات مہیا ہیں۔کھیلوں وغیرہ کا بھی بندوبست ہے۔اس کے اندر خوبصورت سٹیڈی روم بھی ہے جہاں طلباء فرصت کے اوقات میں پرسکون ماحول میں پڑھ سکتے ہیں۔

2- ہوسٹل کے داخلہ کیلئے کالج میں داخلہ کے وقت درخواست دی جاتی ہے پرنسپل صاحب سے منظوری لے کر واجبات جمع کرائے جاتے ہیں۔

3- کمرہ جات کی تقسیم عام طور پر امتحان میں امتیاز کی بنا پر ہوتی ہے۔

4- پرنسپل کسی ناپسندیدہ عنصر کو داخلے سے روک سکتا ہے یا داخلہ ہونے کے بعد بھی منسوخ کر سکتا ہے۔

5- ہوسٹل کے واجبات کالج کے واجبات کے ساتھ وصول کئے جاتے ہیں۔

6- -/5000 روپے بطور زرضمانت برائے خوراک داخلہ کے وقت لئے جاتے ہیں جو ہوسٹل چھوڑتے وقت واپس کردیئے جاتے ہیں۔ نیز انٹرمیڈیٹ -/1000 روپے، BS 2000 روپے ہوسٹل سیکورٹی قابل واپسی اور اس کے علاوہ انٹرمیڈیٹ 18000 روپے سالانہ اور BS/Semester 12000 روپے ہوسٹل کے متفرق اخراجات ادا کرنے ہوں گے نیز 120 روپے سالانہ ہاسٹل رینٹ وصول کیا جائے گا۔

7- مہمان خواہ کوئی بھی ہو، رات کے وقت ہوسٹل میں قیام نہیں کر سکتا۔

8- باہر رہنے والے طلباء یا کوئی اور فرد ہوسٹل میس میں شامل نہیں ہو سکتا۔

9- مہمان مقررہ اوقات میں قیام پذیر طلباء سے مہمان خانے میں مل سکتے ہیں۔

10- کمرے کی اشیاء کی حفاظت کمرے میں رہنے والوں کی ذمہ داری ہے۔

11- کمرے کی املاک کو نقصان پہنچانے والے طالب علم سے نہ صرف اس کی قیمت وصول کی جائے گی بلکہ اسے سخت سزا بھی دی جائے گی۔طلبہ اپنے سامان کے خود ذمہ دار ہیں۔ اُنہیں چاہیے کہ کوئی رقم یا نقدی وغیرہ اپنے پاس نہ رکھیں بلکہ سپرنٹنڈنٹ کے پاس جمع کروا دیں۔

## امتناع سیاست

کالج میں طلباء کا سیاسی سرگرمیوں میں حصہ لینا، سپریم کورٹ کے فیصلے کی رُو سے ممنوع ہے خلاف ورزی کرنے والے کے خلاف سخت تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

جناب پروفیسر ڈاکٹر محمد اکرم
پرنسپل

## Department of Statistics



**Muhammad Zubair Sajid**
(Assistant Professor)



**Mujahid Iqbal**
(Lecturer)

## Department of History



**Wasim Srawar**
(Lecturer)



**Sajjad Hussain Shah**
(Lecturer)

## Department of Pol.Science




**Amjad Ali**
(Assistant Professor)

## Librarian



**Mr. Ali Haider**
(Librarian)

Department of Arabic



Dr. H. Saeed Ahmad Sajid
(Assistant Professor)



Dr.Hafiza Riffat Tajully
(Lecturer)

Department of Education



Muhammad Maqsood Alam
(Lecturer)



Imran Rafiq
(Lecturer)

## Department of Physics



**Muhammad Ishaq**
(Associate Professor)



**Muhammad Sabir**
(Associate Professor)



**Ms. Amina Naheed**
(Assistant Professor)



**Munawar Hussain**
(Assistant Professor)



**Muhammad Rashid**
(Assistant Professor)



**Muhammad Salman**
(Lecturer)

## Department of Botany



**Muhammad Sami Ullah**
(Lecturer)



**Ms. Farhat Rafiq**
(Lecturer)



**Ms. Sadia Munir**
(Lecturer)

## Department of Computer Science





Dr. Rana Muhammad Nadeem
(Associate Professor)



Ms.Farah Mumtaz
(Assistant Professor)



Muhammad Imran
(Lecturer)



Dr. Israr Ahmad
(Lecturer)



Ali Rehan Alvi
(Lecturer)



Myra Ashraf
(Lecturer)



Ms.Maria Bibi
(Lecturer)



Toseef Ullah
(Lecturer)

## Department of Geography



Khalid Farooq
(Assistant Professor)



Muhammad Jamil
(Assistant Professor)



Wasim Waris
(Lecturer)



Muhammad Zaigham Kamal
(Lecturer)

## Department of Urdu



**Abdul Jabbar Shahid**
(Assistant Professor)



**Muhammad Zubair Hussain**
(Assistant Professor)



**Dr. H. Hahib Ur Rehman**
(Lecturer)



**Muhammad Ashfaq**
(Lecturer)



**Qurban Ali**
(Lecturer)



**Muhammad Moaz Arshad**
(Lecturer)

## Department of Physical Education



**Shahid Pervaz Abid**
(Assistant Professor)



**Mushtaq Ahmad**
(Assistant Professor)



**Waheed Javed**
(Assistant Professor)



**Abrar Rasheed**
(Lecturer)



**Muhammad Fiaz**
(Lecturer)

## Department of Economics


**Fazal Rahim**
(Associate Professor)


**Muhammad Zahid Iqbal**
(Assistant Professor)


**Ch. Abdul Khaliq**
(Assistant Professor)


**Muhammad Ramzan**
(Assistant Professor)


**Zahid iqbal**
(Assistant Professor)


**Zeeshan Ahmad**
(Assistant Professor)


**Muhammad Urfan Tahir**
(Assistant Professor)


**Mohsin Abbas**
(Assistant Professor)


**Muhammad Adnan**
(Lecturer)

## Department of Chemistry


**Ghulam Qadir Hassan**
(Assistant Professor)


**Aurangzaib**
(Lecturer)


**Muhammad Kashif**
(Lecturer)


**Imran Ismaeel**
(Lecturer)


**Muhammad Ramiz**
(Lecturer)

## Department of Islamic Studies



**Muhammad Farooq**
(Assistant Professor)



**Abdul Majid**
(Assistant Professor)



**Mubarak Ali**
(Assistant Professor)



**Ms. Rabia Rasheed**
(Lecturer)

## Department of Mathematics



**Muhammad Yasin**
(Associate Professor)



**Abdul Sattar**
(Assistant Professor)



**Dr. Nasir Mehmood**
(Assistant Professor)



**Tauseef Aslam**
(Lecturer)



**Noman Wahid**
(Lecturer)



**Muhammad Tahir**
(Lecturer)



**Ms.Hina Maryam**
(Lecturer)



**Zeeshan Saleem**
(Lecturer)

## Association of Critical Thinking (ACT)

Under the auspices of department of English, Association of Critical Thinking was founded in 2022.

At the very inception of ACT, this association conducted one day workshop on Critical Thinking in Language Teaching.

## Objectives:

- Integration of critical thinking into language skills (reading and writing).
- Enabling ESL learners to be independent thinkers.
- To reflect upon the learning outcome of ESL learners through critical evaluation.










## Department of English





**Dr. Muhammad Akram**
(Professor)



**Muzaffar Muhammad Hussain**
(Associate Professor)



**Muhammad Mazher Hussain**
(Associate Professor)



**Mujajid Sajjad**
(Associate Professor)



**Muhammad Abid Hussain**
(Associate Professor)



**Muhammad Yousaf**
(Associate Professor)



**Ms. Fozia**
(Assistant Professor)



**Tanvir Hussain Sajjad**
(Assistant Professor)



**Dr. Muhammad Din**
(Assistant Professor)



**Muhammad Azhar Shah**
(Assistant Professor)



**Muhammad Imran**
(Assistant Professor)



**Muhammad Yasin**
(Assistant Professor)



**Abdul jabbar Javid**
(Assistant Professor)



**Hassan Akhtar**
(Lecturer)

# Govt. Graduate College at a Glance



Govt. Graduate College Burewala previously known as Govt. Degree College Burewala was founded on18th September 1958. Sardar Ataa Mohammad khan Leghari (Commissioner Multan Division of that time) presided over the inaugural ceremony of this college. The college attained the status of Degree College in 1961. Dawood Science Block and Crescent Hall added to the grandeur of the college which have an exceptional expansion of their own. The credit of the establishment of these buildings is a feather in the cap of known industrialists (Mr Dawood and Haji Abdul Majeed). New hostel was setup in 1968.This eye catching building with a capacity of accommodating 75 students was erected with the courtesy of Municipal Committee Burewala. The college was conferred presidential award and cash prize for its plantation on a large scale. Shahab Block was donated by Chaudhry Muhammad Yasin. In 2020 college initiated BS programmes in 09 disciplines and became the Govt. Graduate College Multan Road Burewala. To accelerate BS programmes smoothly Rana Asghar Ali Block is under construction. Classrooms equipped with the projectors, upgraded science laboratories, and installation of solar system are some of the prominent features of this vintage college.











"Education is the most powerful weapon which you can use to change the world."Nelson Mandela. Thriving minds of the youth have got the right to be in meticulous hands to shape them into thoughtful, productive and contributive brains. Raw talent, if remains unhandled and unpolished, is likely to go waste. A promising educational institute and highly qualified and assiduous pedagogue combine to produce the individuals capable enough to perform their constructive roles in the community, on national and international plane.

In the vicinity of Burewala, Govt. Graduate College is no less than an educational hub, serving and catering the needs of quality education not only of the natives but also of the massive influx from the suburbs. Education means to root for the students to make them into influential individuals who bring about productive efficiency for themselves and for the community at large. For this, college mainly aims at furnishing quality education complying the scientific trends of the day. Learner-centred approach with personalized learning is one of our ongoing goals. Govt. Graduate College, Burewala is also keeping apace with an objective perspective, alongside many others, to instil a vision larger than life, into the young brains. Our institutional mirror reflects every year an ameliorated academic growth and landmark. The vitality of extra classroom activities is next to scholastic pursuits. Retaining this propensity in practice, the zenith of success at all levels is the ambience of the institute. I hope the upcoming academic year will be full of enticing and prolific phenomena.

**Prof. Dr. Muhammad Akram**
**Principal**
**Govt. Graduate College**
**Multan Road Burewala**

سیریل نمبر ..........................

چالان نمبر ____________

# GOVT. GRADUATE COLLEGE
## MULTAN ROAD BUREWALA
www.ggcb.edu.pk

# گورنمنٹ گریجوایٹ کالج ملتان روڈ بورے والا

یہاں پاسپورٹ سائز فوٹو گوند سے چسپاں کریں۔

رول نمبر ..........................

درخواست داخلہ برائے جماعت ____________

نام ____________

والد کا نام ____________

Name ____________

Father's Name ____________

تاریخ پیدائش (ہندسوں میں) ____ / ____ / ____ (عمر ____ سال ____ مہینہ ____ دن) مذہب ____

رجسٹریشن نمبر (میٹرک) ____________ رجسٹریشن نمبر F.A/F.Sc ____________

ب فارم/شناختی کارڈ نمبر ____________ کورونا ویکسینیشن Yes ☐ No ☐ (اگر ہاں تو سرٹیفکیٹ لف کیجیے) حافظِ قرآن Yes ☐ No ☐

ری ایڈمیشن کی صورت میں کالج کا سابقہ رول نمبر ____________ سیشن ____________ گروپ/مضمون ____________

اگر انٹرمیڈیٹ پارٹ ون کا امتحان دیا ہے تو بورڈ کا سابقہ رول نمبر ____________ بورڈ ____________

گھر کا مستقل پتہ ____________

فون نمبر ____________ موبائل نمبر ____________ والد/سرپرست کا پیشہ ____________

نوٹ: THQ سے تصدیق شدہ ہیلتھ فارم درخواست کے ساتھ لگائیں۔ (ہیلتھ فارم فوٹو کاپی دکان سے ملے گا)

| امتحان کے نتائج | سال | سالانہ/ضمنی | رول نمبر | حاصل کردہ نمبر/کل نمبر | | ڈویژن | بورڈ/یونیورسٹی | مضامین | ادارہ جہاں سے پاس کیا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میٹرک آرٹس/سائنس | | | | حاصل کردہ نمبر | | | | | |
| | | | | کل نمبر | | | | | |
| ایف اے/ ایف ایس سی | | | | حاصل کردہ نمبر | | | | | |
| | | | | کل نمبر | | | | | |

اختیاری مضامین جو آپ پڑھنا چاہتے ہیں ____________

کن کھیلوں یا مشاغل میں آپ شرکت کا ارادہ رکھتے ہیں (سند منسلک کریں) ____________

## سرٹیفکیٹ / بیانِ حلفی
ہم حلفاً اقرار کرتے ہیں کہ

1:- درخواست داخلہ باہمی رضامندی سے دے رہے ہیں۔ ہم نے کالج کی پراسپیکٹس کا بغور مطالعہ کر لیا ہے اس کے مندرجات اور کالج کے دیگر قواعد ضوابط کی پابند کریں گے۔ کالج کے واجبات کی ادائیگی اور دوران تعلیم سرزد ہونے والے نقصان کی تلافی کے ذمہ دار ہونگے۔

2:- درخواست دہندہ کسی قسم کی سیاسی وتخریبی سرگرمیوں میں حصہ نہیں لے گا۔ ملوث ہونے کی صورت میں درخواست دہندہ اور والد/سرپرست ہر طرح کے نقصان کے ذمہ دار ہونگے۔ نیز یہ بات ہمارے علم و یقین میں ہے کہ (i) پرنسپل صاحب کسی طالب علم کو اگلی جماعت میں جانے سے (ii) بورڈ/یونیورسٹی کے امتحان میں شریک ہونے سے روک لینے کے مجاز ہیں۔ (iii) ہم کالج کے پرنسپل صاحب کا یہ اختیار تسلیم کرتے ہیں کہ کالج کے قواعد وضوابط اور نظم ونسق کی خلاف ورزی کی پاداش میں درخواست دہندہ کو کالج سے خارج کر سکتے ہیں۔

دستخط درخواست دہندہ ____________ دستخط والد/سرپرست ____________

قومی شناختی کارڈ نمبر ☐☐☐☐☐-☐☐☐☐☐☐☐-☐ قومی شناختی کارڈ نمبر ☐☐☐☐☐-☐☐☐☐☐☐☐-☐

درخواست دہندہ (نام) ____________ کو داخل کیا جاتا ہے۔

تاریخ داخلہ ____________ پرنسپل ____________

# بیان حلفی

ہم درج ذیل شرائط کو تسلیم کرتے ہوئے حلفاً اقرار کرتے ہیں کہ

1- پراسپیکٹس میں دیئے ہوئے داخلہ ٹیسٹ کے قواعد کے مطابق اگر درخواست دہندہ داخلہ ٹیسٹ میں فیل ہو جائے ۔

(i) درخواست دہندہ کا داخلہ روک لیا جائے۔

(ii) داخلہ فارم واپس منگوالیا جائے یا

(iii) رول نمبر سلپ جاری نہ کی جائے۔ ہمیں کسی قسم کا کوئی اعتراض اور قانونی چارہ جوئی کا حق حاصل نہ ہوگا۔

2-31 مارچ تک (F.A یا F.sc کی صورت میں) BS کی صورت میں سمسٹر کے داخلہ بھیجے تک

اگر درخواست دہندہ کی 75% حاضریاں پوری نہ ہو تو

(i) داخلہ فارم روک لیا جائے

(ii) رول نمبر سلپ روک لی جائے۔ ہمیں کسی قسم کا اعتراض اور قانونی چارہ جوئی کا حق حاصل نہ ہوگا۔

(iii) کالج میں نظم و ضبط برقرار رکھنے کیلئے ڈائریکٹر پبلک انسٹرکشن (کالجز) کے مراسلہ نمبر 19414-19894 کے تحت

کالج اوقات کار کے دوران طلباء کیلئے موبائل فون کا استعمال ممنوع ہے۔ خلاف ورزی کی صورت میں سخت تادیبی کارروائی

عمل میں لائی جائے گی۔

(iV) کالج میں طلباء کا سیاسی سرگرمیوں میں حصہ لینا سپریم کورٹ کے فیصلے کی رو سے ممنوع ہے۔ خلاف ورزی کرنے والے

کے خلاف سخت تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

(V) میں حلفاً بیان کرتا ہوں کہ میں نے اس کے علاوہ کسی دوسرے کالج میں اس کلاس کیلئے داخلہ نہیں لیا ہے۔

(Vi) طلباء پراسپیکٹس میں دیئے ہوئے گروپ کو ہی اختیار کریں۔

(Vii) تمام طلباء تجویز کردہ یونیفارم میں ہی کالج آئیں۔

(Viii) کالج کیمپس میں موبائل فون ON ہونے کی صورت میں طالب علم کالج کونسل سے منظور شدہ جرمانہ

ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

دستخط درخواست دہندہ ____________ دستخط والد/سرپرست ____________

قومی شناختی کارڈ نمبر [ ]-[ | | | | | | ]-[ | | | | ] قومی شناختی کارڈ نمبر [ ]-[ | | | | | | ]-[ | | | | ]

# PROSPECTUS
2023-24

Government
GRADUATE COLLEGE
MULTAN ROAD BUREWALA

GOVT. GRADUATE COLLEGE
MULTAN ROAD BUREWALA TEL: 067-9200071
www.ggcb.edu.pk

Rs. 200/-